بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

ہوالمعین الاکبر

مختصر مفید عملیات

مرتبہ

شاہ اکرام حسین سیکری

شعبہ: تصنیف وتالیف

خانقاہ عالیہ چشتیہ میرپورخاص سندھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ھو المعین الاکبر

مختصر مفید عملیات

مرتبہ

شاہ اکرام حسین سیکری

شعبۂ: تصنیف وتالیف

خانقاہ عالیہ چشتیہ میر پور خاص سندھ

نام کتاب: .... مختصر مفید عملیات

مرتب: .... شاہ اکرام حسین سیکری

تاریخ نوشت: .... 14، جون 1999ء

سال اشاعت: .... جنوری 2006ء

باب: .... اول

تعداد اشاعت: .... 1000 (ایک ہزار)

معاونین .... تاج محمد چشتی ایم۔اے۔ علی شیر چشتی

کمپوزنگ: دانش نواز رند، دانش کمپیوٹر گرافکس، بلدیہ سینٹر میر پور خاص

پریس: ...... سیال پرنٹنگ پریس غریب آباد میرپور خاص

ملنے کا پتہ:

شعبۂ تصنیف و تالیف

خانقاہ چشتیہ پوسٹ بکس نمبر 28 میر پور خاص سندھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلّی علیٰ رسولہ الکریم

موجودہ عہد میں بے شمار لوگ بہت سے مسائل میں گرفتار ہیں۔ بہت سے خانگی مسائل اور بے شمار بیرونی کاموں میں ناکامی میں اللہ کے بندوں کو زندگی سے بے زار کر رکھا ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم سب نے دین سے دوری اختیار کر لی ہے۔ دین پر بھرپور عمل ہماری ساری مشکلات اور پریشانیوں کا واحد اور یقینی حل ہے۔ اس رسالہ میں بہت سے مسائل کا روحانی حل پیش کیا گیا ہے۔ جو لوگ کامل یقین کے ساتھ عمل کریں گے انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔ بے یقین لوگ اس مجموعے سے کچھ فائدہ نہیں اٹھا سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ اس مجموعے کو بہت سے لوگوں کے لئے کامیابی کا ذریعہ بنائے۔

شاہ اکرام حسین سیکری

۱۴۔ جون ۱۹۹۹ء۔ ۱۴۲۰ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جب کسی کو بخار ہو تو مریض کی پیشانی پر انگشت شہادت سے یہ آیت تین بار لکھ دیں۔

وما محمدٌ اِلّا رسول

بخار اتر جائے گا۔

----------☆☆☆----------

جب کسی کی آنکھ کے پپوٹے پر گھانجنی نکل آئی ہو تو جھاڑی کے سات پتے لے کر ان میں سے ہر ایک پر تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دم کریں

صلی اللہ علیک یا محمدُ

پھر اس پتے کو گھانجنی سے چھوا کر ایک تیلی میں پرو کر دیوار میں گاڑ دیں۔ جیسے جیسے پتے خشک ہوں گے گھانجنی بھی دور ہو جائے گی۔

----------☆☆☆----------

جب کسی گھر میں بچے کہنا نہ مانیں تو ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھ کر کانوں میں پھونک ماریں۔ انشاء اللہ بچے فرمانبردار ہو جائیں گے۔

----------☆☆☆----------

جب کوئی شخص بے روزگار ہو یا کسی کے کاروبار میں ترقی نہ ہوتی ہو تو اس شخص کو لازم ہے کہ صبح نماز کے بعد۔

سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم

ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ کاروبار میں ترقی ہو جائے گی۔ بے روزگاری دور ہو گی۔

---------☆☆☆---------

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام "الحق" کا ورد کرنے سے گم شدہ چیز مل جاتی ہے۔ یہ عمل مجرب ہے بشرطیکہ یقین کامل ہو۔

---------☆☆☆---------

جب کوئی شخص مفلسی کی مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو یہ عمل کرے:۔ روزانہ ۱۴۱ مرتبہ "یا رزاقُ" پڑھا کرے۔ اور نماز فجر کے بعد مکان کے چاروں کونوں پہ ۱۰ مرتبہ یہی کلمہ پڑھ کر دم کر دیا کرے۔ انشاء اللہ تنگ دستی دور ہو گی۔

---------☆☆☆---------

دل خفتہ کو بیدار کرنے کیلئے یہ عمل کریں۔ روزانہ اس کو سوتے وقت سینے پر داہنا ہاتھ رکھ کر ۱۰۰ مرتبہ "یا باعثُ" پڑھا کریں۔ یہ عمل بہت مفید ہے۔

---------☆☆☆---------

جب کوئی شخص بے روزگار ہو یا کسی کے کاروبار میں ترقی نہ ہوتی ہو تو اس شخص کو لازم ہے کہ صبح نماز کے بعد۔

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم

ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ کاروبار میں ترقی ہو جائے گی۔۔ بے روزگاری دور ہو گی۔

---------☆☆☆---------

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام "الحق" کا ورد کرنے سے گم شدہ چیز مل جاتی ہے۔ یہ عمل مجرب ہے بشرطیکہ یقین کامل ہو۔

---------☆☆☆---------

جب کوئی شخص مفلسی کی مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو یہ عمل کرے:۔ روزانہ ۱۴۱ مرتبہ "یا رزاق" پڑھا کرے۔ اور نماز فجر کے بعد مکان کے چاروں کونوں پہ ۱۰ مرتبہ یہی کلمہ پڑھ کر دم کر دیا کرے۔ انشاء اللہ تنگ دستی دور ہو گی۔

---------☆☆☆---------

دل خفتہ کو بیدار کرنے کیلئے یہ عمل کریں۔ روزانہ اس کو سوتے وقت سینے پر داہنا ہاتھ رکھ کر ۱۰۰ مرتبہ "یا باعثُ" پڑھا کریں۔ یہ عمل بہت مفید ہے۔

---------☆☆☆---------

آج کل بے شمار گھروں میں لڑکیوں کی شادی کا مسئلہ والدین کیلئے سوہان روح بنا ہوا ہے۔ ہزاروں لڑکیاں اچھا رشتہ نہ ملنے کے باعث اپنے والدین کیلئے بوجھ بن کر رہ گئی ہیں، ایسی تمام لڑکیاں اور ان کے والدین "یا لطیفُ" پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دم کیا کریں۔ انشاء اللہ کوئی نہ کوئی بہتر رشتہ مل جائے گا۔ یہ عمل کامیابی تک جاری رکھیں۔

☆☆☆

جب کوئی آدمی بدقسمتی سے مسلسل اور متواتر پریشانیوں اور ناکامیوں کا شکار ہو جائے تو:

رَبِ اِنی مَغلوب فانتصر

یہ آیت بکثرت پڑھنا شروع کر دے۔ اور کامیابی تک متواتر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

☆☆☆

جو شخص۔ یا اللہ۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم بطور ورد اکثر پڑھتا رہے گا اس کے شب و روز خوشی کے ماحول میں بسر ہوں گے۔

☆☆☆

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ جائے یا کسی کو لوگوں نے اغواء کر لیا ہو تو "سورۃ تکاثر" رات کو سوتے وقت ۴۱ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاءاللہ جلد کامیابی ہوگی۔

---------☆☆☆---------

جو شخص کسی بھی جائز کام میں کامیابی کیلئے ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے گا اور کامیابی تک یہ عمل برابر جاری رکھے گا اس کو کامیابی ہوگی۔

---------☆☆☆---------

جب کوئی آدمی بیمار ہو جائے تو اس کے سرہانے کھڑے ہو کر ۱۱ مرتبہ سورۃ الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھنا بہت مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ صحت کی نعمت عطا فرمائے گا۔

---------☆☆☆---------

ہائی بلڈ پریشر کے مریض اگر یہ عمل کریں تو ان کو فائدہ ہوگا۔ صبح سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹہ کے اندر "سورۃ والشمس" (ایک بار بسم اللہ کے ساتھ) ۱۱ بار پڑھ کر صاف پانی پر دم کریں اور یہ پانی آدھا کپ صبح شام پیا کریں۔ اس عمل سے فائدہ ہوگا۔

---------☆☆☆---------

ایک لاجواب درود شریف جو شخص یہ درود شریف ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھتا ہے اس کو بے شمار ثواب ملے گا۔

جزی اللہ عنا سیدنا ومولانا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ماھو اھلہ

اس دورد شریف کو پڑھنے والے کے لئے ۷۰ فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

-----------☆☆☆-----------

جو کوئی "سورۃ سجدہ" مغرب وعشاء کے درمیان پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو عذاب قبر سے محفوظ فرمائے گا۔

-----------☆☆☆-----------

جس کسی نے سورۃ یٰسین ہر روز پڑھی پھر مر گیا شہید ہوا۔ جو اس سورۃ کو اللہ پاک کی رضا حاصل کرنے کیلئے پڑھتا ہے اس کے سارے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق عطا فرمائے۔

-----------☆☆☆-----------

جو شخص بستر پر لیٹتے وقت "سورۃ فاتحہ"، "سورۃ قل ھو اللہ احد" پڑھے گا وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

-----------☆☆☆-----------

جو شخص روزانہ ہزار مرتبہ "اللہ" پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو کمال یقین عطا فرمادے گا۔ اور جس مریض کے علاج سے اطبا عاجز آگئے ہوں اس کیلئے پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ صحت کی نعمت عطا فرمادیتا ہے اصول صحت کیلئے یہ عمل کرنا بہت مناسب ہے۔

----------☆☆☆----------

جو شخص مرگی کا مریض ہو اس پر سورۃ مزمل شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس عمل سے اکثر لوگوں کو مکمل فائدہ ہوا ہے۔

----------☆☆☆----------

جب کسی ناراض افسر کے سامنے جانا ہو تو "یا سلام" ۱۶ مرتبہ پڑھ کر اس کی جانب پھونک ماردیں۔ انشاء اللہ مہربان ہو جائے گا۔

----------☆☆☆----------

۱۷۔ جون ۱۹۹۹ء یوم جمعرات کو بوقت عصر یہ نسخہ تکمیل کو پہنچا

حی علی الفلاح

دوڑو بھلائی کے حصول کیلئے

دنیا برائیوں سے بھر گئی ہے

ہر طرف برائیاں پھیل رہی ہیں

امت کے درمیان انتشار پھیلتا جارہا ہے

یہ ہم سب کیلئے تباہی کا باعث ہوگا

اس عذاب سے بچنے کی کوشش کرو۔

شاہ اکرام حسین سیکری